PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی کا مظفر آباد میں ٹی ٹونٹی فیسٹول میچ کروانے کا اعلان

- پی سی بی چیئرمین الیون کی قیادت سرفراز احمد اور آزاد جموں و کشمیر پرائم منسٹر الیون کی کپتانی اظہر علی کریں گے
- مصباح الحق ٹی ٹونٹی فیسٹول میچ میں شرکت کریں گے
- پی سی بی ملک کے کونے کونے میں کرکٹ کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے کوشاں ہے

لاہور،3 ستمبر2019ء:

پاکستان کرکٹ بورڈنے ڈومیسٹک سیزن 20-2019 کا آغازفیسٹول میچ سے کرنے کا اعلان کیا ہے۔فیسٹول میچ 6ستمبر کو دفاع پاکستان کے روز مظفرآباد میں کھیلا جائے گا۔میچ کے انعقاد کا مقصد خطے میں کھیل کو فروغ دینا ہے۔

ٹی ٹونٹی میچ کے لیے پی سی بی نے مظفر آباد کرکٹ اسٹیڈیم کا انتخاب کیا ہے۔ یہاں آئندہ ڈومیسٹک سیزن میں قائداعظم ٹرافی کے سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کا ایک میچ بھی کھیلا جانا ہے۔

پی سی بی چیئرمین الیون اور آزاد جموں و کشمیرپرائم منسٹر الیون کے درمیان ٹی ٹونٹی میچ 6 ستمبر کی صبح 10 بجے شروع ہوگا۔ میچ میں قومی کرکٹرز مقامی کھلاڑیوں کے ہمراہ میدان میں اتریں گے۔قومی کھلاڑیوں میں سرفراز احمد، اظہر علی، امام الحق، بابراعظم، عابد علی، شان مسعود، اسد شفیق، بلال آصف، محمد رضوان، راحت علی اور عثمان شنواری کے نام شامل ہیں۔سابق کپتان مصباح الحق بھی میچ میں ان ایکشن ہوں گے۔

سرفراز احمد پی سی بی چیئرمین الیون کی قیادت کریں گے۔ ٹیم میں شامل مقامی کھلاڑیوں میں بابر خالق، فیضان سلیم، معین پرویز، ثقلین گیلانی، شاداب مجیداور عثمان معروف کے نام شامل ہیں۔

آزاد جموں و کشمیر پرائم منسٹر الیون کی قیادت اظہر علی کریں گے۔ ٹیم میں شامل مقامی کھلاڑیوں میں عاقب لیاقت، حسن رضا، نوید ملک اور راجہ فرحان شامل ہیں۔

مظفر آباد میں میچ سے پی سی بی مداحوں اورنوجوان کھلاڑیوں کی توجہ حاصل کرنے کی کوشش کرے گا۔ ملک کے کونے کونے میں کرکٹ سرگرمیوں کو فروغ دینا پی سی بی کی پالیسی کا حصہ ہے۔ اس سے قبل پی سی بی قائداعظم ٹرافی 2019-20 کے 4 میچزکی میزبانی بھی بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ کو سونپ چکا ہے۔

پی سی بی چیئرمین الیون:
سرفراز احمد (کپتان)،مصباح الحق، ابراعظم، شان مسعود، عثمان شنواری، بلال آصف، عابد علی، بابر خالق، فیضان سلیم، معین پرویز، ثقلین گیلانی، شاداب مجید اور عثمان معروف۔

آزاد جموں و کشمیر پرائم منسٹر الیون:
اظہر علی (کپتان)، اسد شفیق، افتخار احمد، امام الحق، میر حمزہ، محمد رضوان، راحت علی، ظفر گوہر، علی امین گنڈاپور، عاقب لیاقت، حسن رضا، نوید ملک اور راجہ فرحان ۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4